© rasailojaraid.com

اس کتاب میں یہ بتایا گیا ہے کہ ایک مسلمان پر مسلمان ہونے کی حیثیت سے کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور اُسے ان سے کس طرح عہدہ برآ ہونا چاہیے۔ کتاب کے آخر میں اس راہ کی مشکلات کا بھی قدرے تفصیل سے ذکر موجود ہے اور پھر ان مشکلات کے حل کی بھی نشاندہی کر دی گئی ہے۔

**دین کی حفاظت مسلم خواتین کے کرنے کا کام** | تالیف ابو سلیم محمد عبدالحی صاحب۔ شائع کردہ: مکتبہ الحسنات رام پور (بھارت)۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ۔

اس کتابچہ میں فاضل مصنف نے خواتین کو اُن کے فرائض سے آگاہ کیا ہے اور حقیقت یہ ہے ان کی ذمہ داریاں مردوں کے مقابلہ میں زیادہ نازک اور اہم ہوتی ہیں۔ اسلام کو سربلند کرنے کے لیے کوئی جدوجہد کامیاب نہیں ہو سکتی اگر خواتین اُس میں پوری طرح شامل نہ ہوں۔

**اخلاقی کہانیاں حصہ اوّل، دوم، سوم** | مرتبہ جناب افضل حسین صاحب ایم۔ اے، ایل، ٹی۔ ناشر اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور۔

اخلاقی کہانیوں کا یہ مفید سیٹ بچوں کے اندر اسلامی سیرت و کردار پیدا کرنے کے لیے لکھا گیا ہے۔ اور اس معاملے میں یہ ایک قابلِ قدر کوشش ہے۔ ٹائیٹل دیدہ زیب اور دلکش ہیں اور بچوں کے ذوق کے عین مطابق۔

---

© rasailojaraid.com